میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ،16رجب،1437ھ 23/04/2016 نمبر:PR16024

پانامہ لیکس اور فوجی افسران کی برطرفی

راحیل اور نواز ظالم اور کرپشن کی سرپرستی کر رہے ہیں

افواج پاکستان کے سربراہ جنرل راحیل شریف نے 20اپریل 2016 کو ایک خطاب میں کہا کہ ملک میں "ہر سطح پر احتساب" کی ضرورت ہے اور اس کے اگلے ہی دن یہ خبر میڈیا میں زبردست طریقے سے آئی کہ افواج پاکستان کے کم از کم چھ افسران کو مالی بدعنوانیوں کے الزام میں جبری ریٹائر کر دیا گیا ہے۔ اور پھر 22 اپریل2016 کو وزیر اعظم پاکستان نواز شریف نے قوم سے خطاب میں خود پر لگنے والے کرپشن کے الزامات کی مذمت کی اور عدالتی کمیشن سے ان کے خلاف فیصلہ آنے کی صورت میں مستعفی ہونے کا اعلان کیا۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان، پاکستان کے عوام پر واضح کر دینا چاہتی ہے کہ راحیل شریف اور نواز شریف، بظاہر جس موقف کا اظہار کر رہے، اس کے برعکس دونوں ہی ظالم اور پاکستان میں کرپشن کی مکمل پشت پناہی کر رہے ہیں۔ کرپشن صرف مالیاتی بدعنوانی تک ہی محدود نہیں ہوتی بلکہ سب سے بڑی کرپشن تو یہ ہے کہ خود کو مسلمان کہنے کے باوجود راحیل اور نواز قوانین کے واحد ماخذ اللہ کی وحی کو چھوڑ کر امریکہ اور اپنی مرضی وخواہش کے مطابق حکمرانی کرتے ہیں۔ انسانوں کے بنائے یہ قوانین ہی ہیں جو ہر قسم کی کرپشن کی بنیاد ہیں چاہے وہ مالیاتی ہو یا کسی بھی اور طرح کی کرپشن۔

تو ہم پوچھتے ہیں: کیا یہ کرپشن نہیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اظہار کرنے کے باوجود سودی معیشت جاری وساری ہے جس میں ایسے ٹیکس نافذ کیے جاتے ہیں جن کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور جہاں ایسے اداروں اور اشیاء کی نجکاری کی جاتی ہے جن کو اسلام نے عوامی ملکیت قرار دیا ہے؟ کیا یہ کرپشن نہیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اظہار کرنے کے باوجود غدار حکمرانوں نے پہلے افغانستان پر کافر امریکہ کا قبضہ کروانے کے لئے اور اب وہاں اس کے قبضے کو مستحکم کرنے کے لئے امریکہ کی مدد کر رہے ہیں اور ڈیورنڈ لائن کے دونوں جانب قابض امریکی افواج سے لڑنے والوں کو دہشت گرد قرار دے کر انہیں قتل کر رہے ہیں؟ کیا یہ کرپشن نہیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اظہار کرنے کے باوجود کشمیر و فلسطین کے مسلمانوں کو ہنود و یہود کے ظلم و ستم اور قبضے سے آزادی دلانے کے لئے ایٹمی اسلحے اور میزائلوں سے مسلح طاقتور افواج پاکستان کو حرکت میں نہیں لاتے لیکن کفار کے مطالبے پر دنیا کی کسی بھی کونے میں اقوام متحدہ کا جھنڈا پکڑا کر ہماری افواج کو استعماری عزائم کی تکمیل کے لئے بھیج دیتے ہیں؟ کیا یہ کرپشن نہیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اظہار کرنے کے باوجود امریکہ، برطانیہ، فرانس اور وہ تمام ممالک جو ہمارے نبی پاک ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے کی اجازت دیتے ہیں، انہیں فخر سے دوست قرار دیتے ہیں اور ان سے تمغے وصول کرتے ہیں؟ کیا یہ کرپشن نہیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اظہار کرنے کے باوجود نیشنل ایکشن پلان، جو کہ امریکی ایکشن پلان ہے، کے تحت پاکستان کو سیکولر بنانے اور اسلام کی آواز کا گلا گھوٹنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں؟ کیا یہ کرپشن نہیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اظہار کرنے کے باوجود اسکولوں کی درسی کتب سے اسلام، جہاد، مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے شہیدوں اور غازیوں کے تذکرے کو امریکی مطالبے پر نکالا جا رہا ہے تاکہ ہماری آنے والی نسلوں کو اسلام اور اس کی عظیم و شان تاریخ سے محروم کر کے انہیں امریکہ کی اطاعت گزاری پر لگا دیا جائے؟ اور کرپشن کی یہ تمام اقسام صرف اس وجہ سے ممکن ہوئیں کیونکہ جمہوریت نے قرآن و سنت کو چھوڑ کر راحیل-نواز حکومت کو کفریہ قوانین بنانے کا اختیار دیا ہے۔

درحقیت پانامہ لیکس کے ذریعے جو بات ثابت ہوئی ہے وہ یہ کہ جمہوری نظام کی بدولت دنیا بھر کے حکمران ایسے قوانین بناتے ہیں جس کے ذریعے وہ اپنی ناجائز دولت کو چھپانے اور ٹیکس بچانے کے لئے آف شور (بیرون ملک) کمپنیوں میں سرمایہ منتقل کر دیتے ہیں۔ راحیل شریف اور نواز شریف دونوں اسلام، امت مسلمہ اور پاکستان کے خلاف کی جانے والے غداریوں سے عوام کی توجہ ہٹانے اور ان پر پردہ ڈالنے کے لئے مالیاتی کرپشن یا اپنی معصومیت کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں لیکن عملاً وہ

قدم نہیں اٹھائیں گے جس کے ذریعے نا صرف مالیاتی بلکہ ہر طرح کی کرپشن، خصوصاً جس کا تعلق سیاسی و فوجی یا خارجہ پالیسی اور تعلیم سے ہے، ختم کی جاسکتی ہے۔ اور وہ قدم ہے نبوت کے طریقے پر خلافت راشدہ کا قیام۔ لہٰذا جب تک جمہوریت کو ختم کر کے نبوت کے طریقے پر خلافت قائم نہیں کی جاتی راحیل شریف اور نواز شریف کے بیانات محض زبانی جمع خرچ اور پوائنٹ اسکورنگ ہیں تا کہ مسلمانوں کو دھوکہ دیا جاسکے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتے ہیں:

وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَآ أنزَلَ ٱللَّهُ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّـٰلِمُونَ

"اور جو کوئی اللہ کے اتاری وحی کے مطابق فیصلے نہ کرے وہی ظالم ہے" (المائدہ:45)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس